# شرائط نیلام بابت ٹھیکہ منڈی مویشاں ٹی۔ایم۔اے لاچی

1۔ میعاد ٹھیکہ ایک سال از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027 ہوگی۔

2۔ لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخواہ کے رجسٹرڈ شدہ ٹھیکیدار برائے سال 2026-27 بولی میں حصہ لینے کے مجاز ہونگے۔ ٹھیکیدار متذکرہ بولی میں حصہ لینے سے قبل اپنی رجسٹریشن منجانب لوکل کونسل بورڈ بمعہ نقل قومی شناختی کارڈ تحصیل آفیسر ریگولیشن کے دفتر میں جمع کرانے کے پابند ہونگے۔

3۔ کسی بھی لوکل کونسل، تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن کا باقی دار اور اس کا کوئی رشتہ دار بولی میں حصہ نہیں لے سکتا۔ اگر کوئی شخص (ٹھیکیدار) آفیسر نیلام کے نظر میں قابل اعتراض ہو۔ یا باقی دار ہو، تو اسے بولی سے روکا جاسکتا ہے۔ اسکی طرف سے جمع شدہ رقم سے بقایا جو اسکے ذمہ ہو ضبط کیا جاسکتا ہے۔ مزید براں اتارنی ہولڈرز بھی بولی میں حصہ نہیں لے سکتا بلکہ ٹھیکیدار بذات خود بولی میں حصہ لینے کا پابند ہوگا۔

4۔ خواہشمند رجسٹرڈ شدہ ٹھیکیداران بصورت بینک کال ڈپازٹ بطور زرضمانت بولی میں حصہ لینے سے قبل بنام تحصیل میونسپل آفیسر تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن لاچی جمع کرائے ہونگے۔ کامیاب بولی دہندہ کو بصورت منظوری اُس کا زرضمانت 30-6-2027 کے بعد بشرطیکہ اُس کے ذمہ تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن لاچی کا کوئی رقم واجب الادا نہ ہو واپس کر دیا جائے گا اور اگر اُس کے ذمہ کوئی رقم واجب الادا ہوئی تو زرضمانت سے منہا کی جائے گی۔ ناکام بولی دہندہ کو بعد بولی اُن کا زربیعانہ واپس کر دیا جائے گا۔

5۔ یہ کہ کامیاب بولی دہندہ بولی کے عین دو دن بعد کل ٹھیکہ مالیت کا 5% سیکورٹی جمع کرے گا۔ اور اُس رقم کی ادائیگی 30/06/2027۔ یہ کہ کامیاب بولی دہندہ بولی کے عین دو دن بعد کل ٹھیکہ مالیت کا 15% ایڈوانس سیکورٹی جمع کرے گا۔ اور اس رقم کی ایڈجسمنٹ سب سے آخر اقساط میں کی جائے گی 20% زرپیشگی رقم کے علاوہ کل زرٹھیکہ گیارہ مساوی اقساط کے حساب سے ہر ماہ کی آخری تاریخ کو واجب الادا ہوگی جبکہ پہلی قسط ماہ جولائی 2026 کے آخر میں ٹھیکیدار ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ تاریخ مقررہ تک قسط ادا نہ کرنے کی صورت میں قسط کے حساب 2% یومیہ جرمانہ ٹھیکیدار کو ادا کرنا ہوگا اگر دس روز تک قسط بمعہ جرمانہ 2% یومیہ ادا نہ کیا گیا تو تحصیل میونسپل آفیسر کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ ٹھیکہ کو منسوخ کردے۔ دوبارہ ٹھیکہ کو ٹھیکیدار کے Risk and cost پر نیلام کرے۔ یا محکمانہ طور پر چلایا جائے ایسی صورت میں اگر تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن لاچی ہذا کا کوئی خسارہ ہوا تو اُس کی تلافی ٹھیکیدار کی ذاتی جائیداد سے پوری کی جائے گی۔ اجارہ دار (ٹھیکیدار) کو اس کاروائی کو کسی عدالت یا اتھارٹی میں چیلنج کرنے کا ہرگز اختیار نہ ہوگا۔ اور جملہ جمع شدہ رقم مثلاً زرپیشگی رقم اور اقساط وغیرہ بحق تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن لاچی ضبط کر لی جائے گی۔

6۔ شرائط کی خلاف ورزی کرنے کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ تصور ہوگا اور ٹھیکیدار کو بلیک لسٹ تصور کر کے اُس کی رجسٹریشن منسوخ کر دی جائے گی۔

7۔ کامیاب بولی دہندہ منظوری ٹھیکہ ہونے کے بعد سات دن کے اندر اندر ضمانت جو کہ مناسب مالیت کے اسٹامپ پیپر پر لکھا ہوا ہو۔ اور جوڈیشل / میونسپل مجسٹریٹ کا تصدیق شدہ ہو پیش کرے گا۔

8۔ اگر یہ ثابت ہوا کہ شیڈول کی شرح سے زائد فیس وصول کیا گیا تو تحصیل میونسپل آفیسر صاحب، تحصیل آفیسر ریگولیشن اور اسسٹنٹ تحصیل آفیسر ریگولیشن یا کوئی بھی معائنہ آفیسر موقع پر زائد وصول شدہ رقم پر گیارہ گنا جرمانہ لگا کر ٹھیکیدار سے وصول کیا جائے گا۔ زائد وصول شدہ رقم متعلقہ شخص کو واپس ادا کر دی جائیگی اور بقایا رقم تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن فنڈ میں جمع کی جائے گی۔ اور اگر ٹھیکیدار اس قسم کے غیر قانونی اقدامات کا بار بار مرتکب ہوا تو قانون کے مطابق اُن کا ٹھیکہ منسوخ کیا جائے گا۔

9۔ ٹھیکیدار کل زرنیلام کے رقم پر حکومت کے منظور شدہ مروجہ شرح کے مطابق انکم ٹیکس ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ جو کہ ہر ماہ قسط کی ادائیگی کے علاوہ جمع کرنا لازمی ہوگا۔

10۔ ٹھیکیدار گورنمنٹ کے منظور شدہ شیڈول / ریٹ کے مطابق منڈی مویشاں کا فیس وصول کرے گا۔ گورنمنٹ کے منظور شدہ ریٹ سے ہرگز تجاوز نہیں کرے گا۔ شیڈول ذیل ہے۔

| | |
|---|---|
| 1۔ داخلہ فیس ہر قسم کے بڑے جانور مثلاً گائے، بیل، بھینس، اونٹ، اونٹنی، خچر وغیرہ | 100/- روپے فی جانور |
| 2۔ داخلہ فیس چھوٹا جانور (بھیڑ، بکری، دھبہ، لیلہ، وغیرہ) | 50/- روپے فی جانور |
| 3۔ فیس فروختگی بڑا جانور | 7% |
| 4۔ فیس فروختگی چھوٹا جانور | 6.5% |

11 جمعے کے دن ٹی ایم اے لاچی کے حدود میں میلہ مویشاں کے علاوہ جانوروں کی خرید و فروخت پر مکمل پابندی ہوگی۔ خلاف ورزی کی صورت میں قانونی کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

12۔ ٹھیکیدار پر لازم ہوگا کہ وہ ٹھیکہ شروع کرنے سے پہلے تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن ہذا کے ساتھ شرائط کے مطابق اپنے خرچہ پر اقرار نامہ تحریر کرے گا بصورت دیگر اسے ٹھیکہ کی چارج نہیں دی جائے گی۔

13۔ اگر کوئی ٹھیکیدار تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن، بینک یا حکومت کے کسی بھی محکمہ کا باقی دار ہو اور بولی میں حصہ لینے سے پہلے اسی حقیقت کو وضع نہ کیا گیا ہو اور ٹھیکہ وصول کرے جس کا بعد میں پتہ لگ جائے۔ تو ایسی صورت میں ٹھیکیدار کا زربیعانہ وغیرہ ضبط تصور ہوگا اور ٹھیکہ کو منسوخ کر کے دوبارہ ٹھیکیدار کے Risk and cost پر نیلام کیا جائے گا دوبارہ نیلامی کی صورت میں اگر کوئی خسارہ ہوا تو اس کی وصولی ٹھیکیدار سے کی جائے گی۔

14۔ جب ایک دفعہ ٹھیکہ کسی کے نام منظور ہو جائے تو کسی دوسرے آدمی کے نام منتقل نہیں کریگا اور نہ ہی ضمنی اجارہ پر دے گا اور اگر معلوم ہوا کہ اصل اجارہ دار ٹھیکہ کو چلانے میں دلچسپی نہیں لیتا ہے تو اسے منسوخ کیا جائے گا ٹھیکہ کو نیلام کر کے نقصان کی صورت میں وصولی ٹھیکیدار سے کی جائے گی۔ ٹھیکہ ہذا کے متعلق اقرار نامہ اصلی اجارادار کرے گا۔

15۔ منڈی مویشاں کی فیس وصولی کے لئے ٹھیکیدار صرف متعلقہ فارم / رسیدات جو گورنمنٹ تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن لاچی کا منظور شدہ ہو استعمال کرے گا۔ جتنی رسیدات بھی ٹھیکیدار کو درکار ہوگی اُنکی پیشگی قیمت محکمہ ہذا کو ادا کرنا ہوگی۔

CS CamScanner

16۔ٹیکس/فیس میں ترمیم/تنسیخ کا اختیار حکومت کو حاصل ہوگا جس کی پابندی ٹھیکیدار پر لازمی ہوگی۔اور ٹھیکیدار کو اس پر کوئی اعتراض نہ ہوگا۔

17۔ٹھیکیدار اگر کسی وجہ سے نقصان ہو جائے مثلاً زیادہ بارشیں، ہڑتال یا روڈ بند ہونا وغیرہ وغیرہ تو ان تمام نقصان وغیرہ سے تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن لاچی لاتعلق ہوگا۔اور نہ ہی کسی قسم نقصا
Claim کرنے کا ٹھیکیدار مجاز ہوگا۔مزید برآں ٹھیکیدار ٹیکس وصولی کا خود ذمہ دار ہوگا۔

18۔ٹھیکیدار نوٹیفیکیشن نمبر AOII/LCB/6-11/2026 مورخہ 07-5-2026 پر مکمل عمل درآمد کریگا نیز ٹھیکیدار ان تمام احکامات گورنمنٹ کا پابند ہوگا۔جو گورنمنٹ سے وقتاً فوقتاً جاری ہوتے ہیں

19۔ٹھیکیدار صرف اسی دن کو میلہ مویشیاں منعقد کرانے کا حقدار ہوگا جو تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن ہذا نے مقرر کیا ہو۔عید کے موقع پر اگر اضافی روز میلہ منعقد کرنا مقصود ہو۔
تو اس کی پیشگی اجازت تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن ہذا سے لینی پڑے گی۔

20۔ٹھیکیدار کو کسی قسم کی معافی وغیرہ نہیں دی جائی گی اور نہ ہی اس بارے میں ٹھیکیدار Claim کرے گا۔ ہر قسم کی معافی (Remission) پر مکمل پابندی ہے۔

21 ۔دوران ٹھیکہ اگر مال مویشی کی درآمد برآمد پر کسی وجہ سے پابندی لگ جائے۔تو تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن لاچی پابندی کی صورت میں نقصان کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

22۔اگر کوئی سوداگر یا کوئی شخص منڈی میں جانور کا سودا کر کے کسی اور مقام پر جانور کو گاہک کے حوالے کرتے ہوئے پکڑا گیا یا کسی بھی شخص نے منڈی مویشیاں میں چوری چھپے سودا کیا اور فیس ادا نہ کی۔تو
ہونے پر اصلی فیس کے حساب سے 11 گنا زیادہ جرمانہ وصول کیا جائے گا۔

23۔اگر ٹھیکیدار کسی وجہ سے تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن لاچی کا نادہندہ ہوا تو اس کے ذمہ واجب الادا رقم اس کے گارنٹر سے بھی قانونی طور پر وصول کی جائے گی۔جسکے تمام اخراجات بذمہ گارنٹر ہونگے۔

24۔ یہ کہ ٹھیکہ ھذا دفتری کارروائی کے بعد برائے حتمی منظوری کیلئے تحصیل کونسل کو پیش کیا جائے گا۔اور بعد میں صوبائی حکومت کو برائے انفارمیشن ارسال کیا جائیگا۔

25۔اگر فریقین ٹھکیدار اور ٹی ایم اے کے درمیان کسی قسم کا تنازعہ پیدا ہوا تو تنازعہ کی صورت میں ٹھیکیدار ماہوار قسط کو نہیں روکے گا بلکہ تنازعہ RMO Kohat کو ارسال کیا جائے گا جنکا فیصلہ
دونوں فریقین کے لئے قابل قبول ہوگا اور کسی عدالت میں چیلنج نہیں کرے گا۔

26۔اگر ٹھیکیدار نے مذکورہ بالا شرائط میں سے کسی شرط کی خلاف ورزی کی تو ٹھیکہ ہذا منسوخ کیا جائے گا اور جملہ جمع شدہ رقم و سیکورٹی + ایڈوانس ٹھیکیدار بحق تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن لاچی ضبط کی جا
دوبارہ نیلامی کی صورت میں ہر قسم کے نقصان کی ذمہ داری ٹھیکیدار پر ہوگی۔

تحصیل آفیسر ریگولیشن
ٹی ایم اے، لاچی

تحصیل میونسپل آفیسر
ٹی ایم اے، لاچی

CS CamScanner